# 36637 ـ خود توحج نہیں کیا لیکن والدین کےحج میں تعاون کررہا ہے

**سوال**

کیا کسی انسان کے لیے جائز ہے کہ پہلے خود حج کرنے کی بجائے اپنے والدین کوحج کے لیے بھیجے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد لله.

ہرآزاد ، عاقل بالغ اورحج ادا کرنے کی استطاعت رکھنے والے مسلمان شخص پرعمربھر میں ایک بارحج کی ادائيگي فرض ہے ، اوروالدین سے حسن سلوک اورنیکی کرنا اوران کی واجب کی ادائيگي میں حسب استطاعت معاونت کرنا مشروع ہے ۔

لیکن اگرآپ سب اکٹھے حج نہیں کرسکتے توآپ کوچاہیے کہ پہلے خود حج کریں اورپھراپنے والدین کا حج کرنے میں تعاون کریں ، اوراگرآپ پہلے والدین کوحج کروانے میں تعاون کرتے ہیں توان کا حج صحیح ہوگا ۔

اللہ سبحانہ وتعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ۔ .